Urdu

اردو: آپ کے بچے کے لیے ایک قیمتی تحفہ

جب آپ اردو بولتے ہیں تو آپ کے بچے کو فایدہ ہوتا ہے۔ کیسے؟

- جو بچے اپنی پہلی زبان اچھی طرح بولتے ہیں ان کے لیےانگریزی سیکھنا آسان ہوتا ہے۔
- جوبچے بول چال کی مہارت میں مضبوط ہوتے ہیں ان کی سکول میں کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔
- آپ کا بچہ گھر کے ان افراد سے بہتر بات چیت کر سکتا ہے جو اردو بولتے ہیں۔
- آپ اور آپ کے بچے کی خودی اور ثقافتی حس بڑھے گی۔

آپ اپنے بچے کی زبان دانی کی نشو و نما سب سے زیادہ اس وقت کرتے ہیں جب آپ اپنی پہلی زبان میں بات کرتے ہیں۔ کیوں؟

- آپ بچے کو اپنے منصوبے؛ تصورات اور خیالات اچھی طرح سمجھا سکتے ہیں۔
- آپ بہتر الفاظ کو استعمال کرتے ہوے اپنے بچے کو ٹوک سکتے ہیں۔
- آ پ مذاق اور دوسرے الفاظ کے کھیل باہم کر سکتے ہیں۔

باتیں؛ باتیں اور باتیں ! آپس میں اردو میں باتیں کرنا اپنے بچے کو پڑھنے کے لیے تیار کرنے کے بہترین طریقوں میں سے ایک ہے۔

- اپنی دن بھر کی مصروفیات اور مضافات کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ اپنے بچے سے سوالات پوچھیے۔
- اپنے گھرانے اور ثقافت کے بارے میں کہانیاں سنایے۔ گھر کے خاص واقعات؛ تصاویر؛ کھانا پکانے کے طریقوں یا روایتی لباس کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- گیت گایے اور قافیہ بندی کیجیے۔
- اپنے بچے کو پسندیدہ کہانی سنانے یا کویی نیی کہانی بنانے پر اکسایے۔

اپنے بچے کے ساتھ اردو میں کھیلیے یا پڑھیے

- اپنے بچے سے کتابوں کا تبادلہ کیجیے۔
- وہی کہانیاں بار بار دہرایے۔ بچے تکرار کو پسند کرتے ہیں اور اس سے سیکھتےہیں۔
- پرانے رسالوں کی تصویروں کو استعمال کرتے ہوے آپ خود اپنی اردو کی ڈکشنری بنایے۔
- آپ ایسے سوالات کیجیے جو آپ کے بچے کی کہانیوں میں شمولیت کی حوصلہ افزاءی کریں؛ جیسے کہ "ایسا کیوں ہو رہا ہے؟" "آپ کا کیا خیال ہے کہ اب آگے کیا ہوگا؟" یا " اس تصویر میں کیا دکھایا گیاہے؟"
- پڑھنے کے وقت کو دلچسپ بنایے رکھیے تاکہ آپ دونوں اسے مزید چاہیں۔

ایک اچھے مثالی کردار بنیے!

- اپنے بچے کو دیکھنے دیجیے کہ آپ اردو پڑھنے اور لکھنے کو کتنا پسند کرتے ہیں۔

کیا میں اپنے بچوں کے ساتھ انگریزی میں بات چیت کروں؟

کچھ مواقع ایسے ہو سکتے ہیں جن میں آپ دنوں انگریزی کی پریکٹس کرنا چاہیں گے۔ لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ ؛ چاہے جو زبان بھی آپ کے لیے آرام دہ ہو اس میں آپ خوب باتیں کریں اور پڑھیں ۔

Burnaby Public Library
Children's Services
www.bpl.bc.ca